# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

## شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمینٹری ٹیچر ایجوکیشن

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کرلیں که

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحله پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: ہوم اکنامکس-4(6486) سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایڈ(2.5/04سالہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑ ھیے(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ ODL موڈ)

1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البته ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2 سوالات کو توجه سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3 ہاتھ سے تحریر شده یا (Scanned) سکین کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبه اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کرکے اپنے پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں۔ فائل کا سائز5 MB سے کم ہونا چاہیئے۔
4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا MS-Wordفارمیٹ میں) LMS پر بروقت یا مقرره تاریخ سے قبل اپ لوڈ کیجیے۔
5 مقرره تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نه ہوسکیں گی جس کی تمام ترذمه داری طالب علم پر ہوگی
6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدرافزائی کی جائے گی۔
7 غیر متعلقه بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈیا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ1تا4)

سوال نمبر1 — گھریلو انتظام کی اہمیت بیان کریں اور وضاحت کریں کہ وسائل کے مناسب استعمال سے خاندان کی ضروریات اور خواہشات میں کس طرح توازن پیدا کیا جاسکتا ہے۔ — 20

سوال نمبر2 — انسانی اور مادی وسائل میں فرق واضح کریں۔ روزمرہ گھریلو زندگی میں ان وسائل کے مؤثر استعمال کی مثالیں بھی بیان کریں۔ — 20

سوال نمبر3 — گھریلو انتظام کے عمل (Planning, Organization, Controlling) کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ یہ ایک منظم خاندانی نظام قائم کرنے میں کس طرح مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ — 20

سوال نمبر4 — وقت اور توانائی کے درست استعمال کے لیے کون کون سے اصول اختیار کیے جاسکتے ہیں؟ وضاحت کریں کہ یہ اصول گھریلو کاموں کو آسان بنانے میں کیسے مدد دیتے ہیں۔ — 20

سوال نمبر5 — کام کو آسان بنانے کے مختلف طریقے بیان کریں۔ باورچی خانے کی مناسب ترتیب، کپڑوں کی دھلائی، اور صفائی کے اصولوں پر بھی روشنی ڈالیں۔ — 20

کل نمبر:100 — کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ5تا9)

سوال نمبر1 — فرض کریں ایک خاندان محدود وسائل کے باوجود صحت مند زندگی گزارنا چاہتا ہے۔ ایسی صورت میں متوازن غذا کی منصوبہ بندی کس طرح خاندان کی صحت بہتر بنانے میں مدد دے سکتی ہے؟ وضاحت کریں۔ — 20

سوال نمبر2 — کچرے کے مناسب انتظام کی اہمیت بیان کریں۔ وضاحت کریں کہ گھریلو اور ماحولیاتی صفائی برقرار رکھنے میں ری سائیکلنگ کس طرح مددگار ثابت ہوتی ہے۔ — 20

سوال نمبر3 — ویکسینیشن کیا ہے؟ بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں ویکسینیشن کے کردار پر تفصیلی بحث کریں۔ — 20

سوال نمبر4 — موسمی بیماریوں سے بچاؤ کے لیے اختیار کی جانے والی احتیاطی تدابیر بیان کریں۔ وضاحت کریں کہ ذاتی صفائی اور صحت مند عادات بیماریوں کے پھیلاؤ کو کس طرح کم کرتی ہیں۔ — 20

سوال نمبر5 — گھریلو ماحول میں ٹائلٹ کی صفائی اور جراثیم سے پاک رکھنا کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کریں کہ مناسب صفائی کی عادات خاندان کی صحت کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے میں کس طرح مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ — 20